# زندگی کا جال

4312CH24




اب تک تم نے تقریباً یہ کتاب پوری پڑھ لی ہے۔ تم نے پیڑ پودے، جانور، پانی، گھر، سواریاں اور بھی کئی چیزوں کے بارے میں پڑھ لیا۔ تم نے اُن کے بارے میں ضرور غور و فکر کیا ہوگا۔ کیا تم بتا سکتے ہو کہ ہم ان چیزوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور اُن پر غور و فکر کرنے کی کوشش کیوں کرتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

پرندہ



چاند



گائے






چوہا



ہوا



گھر



مٹی

آؤ معلوم کرتے ہیں کہ تصویر میں دکھائی گئی چیزوں سے ہم کیسے جڑے ہوئے ہیں۔

* سب سے پہلے خالی دائرے میں اپنی تصویر بناؤ۔

© NCERT not to be republished

* اب اپنی تصویر سے لکیر کھینچ کھینچ کر ان چیزوں سے جوڑو جو تمھیں اپنے زندہ رہنے کے لیے ضروری لگتی ہیں۔

* کیا تم نے اپنی تصویر کو 'گھر' سے جوڑا ہے؟

* دیکھیں، گھر کو کن کن چیزوں سے جوڑا جا سکتا ہے۔ سوچو۔ گھر کن چیزوں سے بنتا ہے؟

  - لکڑی — جو پیڑ سے حاصل ہوتی ہے۔
  - اینٹ — جو پانی اور مٹّی سے بنتی ہے۔
  - مٹّی — ہمیں زمین سے ملتی ہے، اور
  - پانی — ہمیں ندی، تالاب، کنوئیں یا بارش سے ملتا ہے۔

تم سمجھ گئے ہو گے کہ گھر کو کن تصویروں یا الفاظ سے جوڑنا ہے۔

اب سی طرح ایک ایک کر کے سبھی چیزوں کو اُن سے وابستہ دوسری چیزوں سے جوڑو۔ یہ سب کرنے میں ہو سکتا ہے کہ تمھیں کچھ اور چیزوں کے نام لکھنے کی ضرورت پڑے۔

اتنا سب کرنے پر کیا بنا؟ بن گیا نہ ایک بڑا سا جال! یہ جال دیکھ کر تم کیا سمجھے؟



تم نے جو جال بنایا ہے اس کو اپنے دوستوں کو دکھاؤ اور ان کا بنایا ہوا جال بھی دیکھو۔ کیا سب ایک جیسے ہیں؟ ساتھیوں کے ساتھ اس بات پر گفتگو کرو۔

بچوں کے ذریعے بنائے ہوئے جال ان کے ماحول میں پائی جانے والی چیزوں کے باہمی انحصار کی اہمیت کو سمجھنے میں معاون ہوں گے۔ کلاس میں اس کے بارے میں گفتگو کرنے سے اُنھیں جال بنانے میں مدد ملے گی۔

© NCERT not to be republished